© rasailojaraid.com

احباب و اکابر

# پیغامات و دعوات

مولانا قاضی عبدالصمد سربازی قاضی القضاۃ قلات ڈویژن ـــــــ ماہنامہ الحق پڑھ کر بہت ہی مسرت ہوئی۔ ماشاء اللہ جناب نے اصلاح و تبلیغ کے منصوبے کو عملی جامہ پہنایا۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔ ہر ایک مضمون قیمتی اور دلچسپ ہے اور ہر طبقہ کے لئے مفید اور کارآمد۔ مضمون ضرورت وحی بہت ہی مفید اور نہایت ہی ضروری مضمون ہے۔ اور چاہیئے کہ اسکو انگریزی زبان میں شائع کرا کے یورپ میں شائع کرایا جائے۔ مضمون "قوموں کی تباہی کا سبب اللہ کی نافرمانی ہے"۔ بہترین خطبہ مطابق حال اور کلمۃ الحق ہے۔ جو افضل الجہاد میں شمار ہوتا ہے۔ نصرت خداوندی کے ثمرات کے ضمن میں جنگل میں سے شیر درندوں سانپوں کے نکل جانے کا جو واقعہ درج ہے یہ واقعہ افریقہ کا ہے اس کا عامل عقبہ بن نافع فہری صحابیؓ تھے۔ زمانہ حضرت معاویہؓ کا ہے اور واقعہ اشاعت اسلام میں مفصل درج ہے۔

مولانا مفتی سیاح الدین کاکاخیل لائل پور ـــــــ رسالہ الحق جاری کرنے سے خوشی ہوئی عرصہ سے پوری خواہش تھی کہ دارالعلوم حقانیہ کی طرف سے حق کی آواز بلند ہونے کے لئے صحیفہ کی ضرورت ہے۔ جب آپ نے "الحق" نام رکھا ہے تو اس کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے آپ کو مسلسل جہاد کرنا پڑے گا۔ الحق کی بناء پر ممکن ہے اس کڑواہٹ کو کم لوگ قبول کریں۔ عام ذہن تو یہ ہے کہ لوگ یحب الحلواء والعسل کی سنت پر عمل کرنا چاہتے ہیں۔ رسالہ کی کتابت، طباعت اور کاغذ عمدہ ہے۔ آپ نہ صرف یہ کہ اس معیار کو قائم رکھئے بلکہ اسے اور بھی بلند کرنے کی کوشش جاری رکھئے۔

مولانا پیر مبارک شاہ ناظم جمعیۃ العلماء اسلام مردان ـــــــ دارالعلوم حقانیہ جیسے عظیم الشان علمی درسگاہ سے ہم عرصہ سے یہی توقع رکھتے تھے کہ اگر ایک طرف وہ علمی میدان میں باطل پرستوں کے مقابلہ میں قرآن و حدیث اور فقہی علوم سے آراستہ فوج تیار کرتی ہے تو دوسری طرف ملت اسلامیہ کی دینی رہبری کے لئے قلمی جہاد کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے بحمداللہ یہ کمی ماہنامہ الحق نے پوری کر دی۔

مولانا فضل معبود الازہری۔ پشاور یونیورسٹی ـــــــ ان مجلۃ الحق مجلۃ قیمۃ وھذہ الخطوۃ خطوۃ مبارکۃ فی سبیل خدمۃ العلم والدین وکنت اود ان احضر فی خدمتکم بنفسی ولبارککم۔

© rasailojaraid.com